# نظامت زرعی اطلاعات پنجاب

## 21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment


# پریس ریلیز

## حکومت پنجاب اور اقوام متحدہ کے ادارہ خوراک وزراعت (FAO) کے درمیان یونیلیٹرل ٹرسٹ فنڈ ایگریمنٹ پر دستخط کے لئے لاہور میں تقریب کا انعقاد

لاہور: 16 مئی 2023 (     ) حکومت پنجاب اور اقوام متحدہ کے ادارہ خوراک وزراعت (FAO) کے درمیان یونیلیٹرل ٹرسٹ فنڈ ایگریمنٹ پر دستخط کے لئے لاہور میں تقریب کا انعقاد ہوا۔اس معاہدے کے تحت جنوبی پنجاب میں انڈس بیسن میں اصلاح آبپاشی اور موسمیاتی تبدیلیوں سے ہم آہنگ زرعی ترقی کے منصوبے پر عملدرآمد کا آغاز کیا جائے گا۔اس معاہدے پر دستخط کی تقریب میں چیئرمین پلاننگ اینڈ ڈویلپمنٹ ڈیپارٹمنٹ علی سرفراز حسین بھی موجود تھے۔اس منصوبے پر عملدرآمد کے معاہدے پر حکومت پنجاب کی طرف سے افتخار علی ساہو سیکرٹری زراعت پنجاب اور ایف اے او کی طرف سے فلورنس رولی نے دستخط کئے جبکہ جاوید اسلم ممبر پلاننگ ایگریکلچر، چیف انجینئر حبیب اللہ بودلہ، ڈائریکٹر جنرل اصلاح آبپاشی ملک اکرم، ڈائریکٹر زرعی اطلاعات پنجاب محمد رفیق اختر، چیف پلاننگ اینڈ ایویلیوایشن سیل رانا محمود سمیت دیگر اعلیٰ افسران موجود تھے۔اس موقع پر پاکستان میں ایف اے او کی نمائندہ مس فلورنس رولی نے کہا کہ اس پراجیکٹ کا مقصد انڈس بیسن میں اصلاح آبپاشی اور موسمیاتی تبدیلیوں سے ہم آہنگ زرعی ترقی کو فروغ دینا ہے۔چیئرمین پلاننگ اینڈ ڈویلپمنٹ دیپارٹمنٹ علی سرفراز حسین نے کہا کہ اس منصوبے کے تحت جنوبی پنجاب کے 5 اضلاع ملتان، مظفرگڑھ، ڈیرہ غازی خان، لودھراں اور خانیوال میں 1.3 ملین افراد کو فائدہ ہوگا اور اس کے ذریعے موسمیاتی تبدیلیوں سے ہم آہنگ زرعی ٹیکنالوجی اور اصلاح آبپاشی کے طریقوں کی ترویج سے فصلوں کی پیداوار میں اضافہ ہوگا۔افتخار علی سہو سیکرٹری زراعت پنجاب نے اس موقع پر کہا کہ حکومت پنجاب 8 ملین یو ایس ڈالر ایف اے او کے ذریعے یونی لیٹرل ایگرمنٹ فنڈ میں ٹرانسفر کرے گی جس سے اس پراجیکٹ کے تحت کاشتکاروں کی مدد کی جائے گی۔انھوں نے کہا کہ محکمہ زراعت کی طرف سے صوبہ پنجاب میں کلائمیٹ سمارٹ اور آبپاش زراعت کی ترقی کے لئے بھرپور معاونت کی جائے گی۔ڈائریکٹر جنرل زراعت (اصلاح آبپاشی) پنجاب ملک محمد اکرم نے شرکاء کو بتایا کہ اس منصوبے پر 47.69 ملین یو ایس ڈالر خرچ کئے جائیں گے جس میں سے 34.99 ملین ڈالر گرین کلائمیٹ سمارٹ گرانٹ کے طور پر دستیاب ہوں گے جبکہ حکومت پنجاب 8 ملین ڈالر فراہم کرے گی۔انھوں نے مزید کہا کہ اس منصوبے پر عملدرآمد سے کاشتکاروں کی صلاحیت کار میں اضافہ کے ساتھ ریگولیٹری سسٹم بھی مستحکم ہوگا۔

☆☆☆☆